# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 14 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۴؍دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ دستور کو اپنانے کے امرت مہوتسو کے موقع پر لوک سبھا میں دستور پر خصوصی بحث؛ وزیرِ اعظم آج دیں گے جواب۔

☆ مستقبل میں ممبئی فِن ٹیک کی راجدھانی بنے گا: وزیرِ اعلیٰ کا ورلڈ ہندوا کانامک کانفرنس میں اظہارِ خیال۔

☆ اسمارٹ انڈیا ہیکا تھان 2024 کے سافٹ ویئر راؤنڈ میں ریاستی ٹیموں کی شاندار کارکردگی۔

☆ گیارہویں امبہ جوگائی ساہتیہ سمّیلن کا آج سے آغاز۔

اور۔۔۔☆ بیڑ ضلع میں مسّا جوگ سرپنچ قتل معاملے کی تفتیش سی آئی ڈی کے سپرد۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

دستور کو اپنانے کے امرت مہوتسو کے موقع پر کل لوک سبھا میں دستور پر خصوصی بحث شروع ہوئی۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج اس بحث کا جواب دیں گے۔ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کل اس بحث کا آغاز کیا۔ انھوں نے کہا کہ ملک کا دستور صرف ایک دستاویز نہیں ہے بلکہ شہریوں کی اُمنگوں کا اظہار ہے۔ وزیرِ موصوف نے شہریوں کے تیار کردہ دستور کو بھارتی اقدار پر مبنی بتایا۔ کانگریس کی رہنماء پرینکا گاندھی نے اس بحث میں حصہ لیتے ہوئے کہا کہ دستور شہریان کے تحفظ کی خاطر ایک ڈھال ہے اور یہ ڈھال انصاف' اتحاد اور آزادیِ اظہار کیلئے ہے۔ سماج وادی پارٹی کے رہنماء اکھلیش یادو نے کہا کہ آئین جمہوریت کی روح ہے' وہیں ترنمول کانگریس کے رکنِ پارلیمان کلیان بنرجی نے گذشتہ دس برسوں میں ملک کے سیکولرازم کو ہونے والے نقصان پر تنقید کی۔ جنتا دَل یونائیٹڈ کے لیڈر اور مرکزی وزیر راجیو رنجن عرف للّن سنگھ نے کہا کہ آئین کی وجہ سے سماج کے تمام طبقات کیلئے سماجی اور معاشی ترقی کا دائرہ وسیع ہوتا ہے۔ انھوں نے ماضی میں ایمرجنسی نافذ کرنے اور دفعہ 356 کا غلط استعمال کرنے پر کانگریس پر تنقید کی۔

***** ***** *****

راجیہ سبھا میں کل بھی ہنگامہ جاری رہا۔ کانگریس کی قیادت میں مخالف جماعتوں کی جانب سے چیئرمین کے خلاف پیش کی گئی تحریکِ عدم اعتماد پر حکمراں جماعت اور مخالفین کے درمیان بحث ہوئی۔ چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ اپوزیشن کی تجویز پر 14 دِنوں بعد غور کیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ مخالف جماعتیں آئینی کارروائی سے گریز کرتے ہوئے چیئرمین کے خلاف مہم چلا رہی ہیں۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ پر ہوئے دہشت گردانہ حملے کو کل 23 برس مکمل ہو گئے۔ راجیہ سبھا کے چیئر مین جگدیپ دھنکھڑ‘ وزیرِ اعظم نریندر مودی‘ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اور حزبِ اختلاف کے قائد راہل گاندھی اور راجیہ سبھا میں حزبِ اختلاف کے رہنماء ملک ارجن کھرگے نے اس حملے میں اپنی جان گنوانے والے سیکوریٹی گارڈس اور ملازمین کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں ان شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے خاموشی اختیار کی گئی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ ممبئی مستقبل میں فن ٹیک کی راجدھانی بنے گا۔ وزیرِ اعلیٰ کل ممبئی کے جیو ورلڈ کنونشن سینٹر میں ورلڈ ہندوا کانامک کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے بول رہے تھے۔ انھوں نے یقین ظاہر کیا کہ ریاستی حکومت 2028 تا 2030 کے دوران ٹریلین ڈالر کی معیشت کا ہدف حاصل کرلے گی۔ انھوں نے کہا کہ مہاراشٹر کو ملک کا پاور ہاؤس بنانے کی کوشش کی جائے گی۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا:

*”ہمارے دیش میں کیول آرتھک اور سماجک نہیں سانسکرتک پرتتھان بھی ہمارے پردھان منتری جی کے نیتر تو میں ہورہا ہے۔ یہ ساری چیزیں سے ملاکر بھارت کو ایک مضبوط دیش کے روپ میں پرستھاپت کر رہی ہے اور ایسے سمئے اس بھارت کے پاور ہاؤس کے روپ میں مہاراشٹر کو پرستھاپت کرنے کا کام ہم کریں گے۔“*

***** ***** *****

بھارتیہ جنتا پارٹی کا ریاستی اجتماع آئندہ 22 جنوری کو شرڈی میں ہوگا۔ پارٹی کے ریاستی صدر چندر شیکھر باون کُڑے نے کل ممبئی میں یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ سوامی ویویکانند جینتی کے موقع پر آئندہ برسوں میں خصوصی مہم شروع کی جائیگی۔

***** ***** *****

اسمارٹ انڈیا ہیکاتھان 2024 کے سافٹ ویئر راؤنڈ میں ریاست کی ٹیموں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس راؤنڈ میں ٹیموں نے Conversational Image Recognition Chatbot‘ خواتین کی حفاظت‘ ٹریفک مینجمنٹ کیلئے AI پر مبنی حل‘ لائیو لوکیشن ٹریکنگ جیسے موضوعات پر حل تلاش کرنے کی کوشش کی۔ ان میں سے ممبئی کے ویلنگکر انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ‘ ناگپور کے یشونت راؤ چوہان انجینئرنگ‘ نئی ممبئی کے دتّا میگھے کالج آف انجینئرنگ اور چھترپتی سمبھاجی نگر کے راجرشی شاہو مہاراج کالج آف انجینئرنگ کے طلبہ نے ایوارڈس حاصل کیے ہیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

مراٹھوارہ ساہتیہ پریشد کا گیارہواں امبہ جوگائی ساہتیہ سمّیلن آج سے شروع ہورہا ہے۔ ڈاکٹر شریش کھڑ گیکر کے ہاتھوں اس کانفرنس کا افتتاح عمل میں آئے گا، جبکہ اختتام ڈاکٹر آدتیہ پتک راؤ کی خصوصی موجودگی میں ہوگا۔ اس سمّیلن کے استقبالیہ صدر سدرشن راپتوار نے یہ اطلاع دی۔ آئندہ 15 دسمبر کو ختم ہونے والی اس کانفرنس کی صدارت ممتاز ادیب بالاجی سُتار کریں گے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع میں واقع مسّا جوگ کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے قتل معاملے کی تفتیش Crime Investigation Department (CID) کو سونپی گئی ہے۔ ہمارے نمائندے نے بتایا کہ پولس سپر نٹنڈنٹ اویناش بارگل نے یہ اطلاع دی۔

اسی بیچ رکنِ پارلیمان بجرنگ سونو نے نے اس معاملے کی جانچ CBI کو سونپنے اوراس کیس کو فاسٹ ٹریک عدالت میں چلانے کا مطالبہ کیا ہے۔
ضلع کلکٹر ڈاکٹر شری کرشن پانچاڑ نے کل اس معاملے میں کیج کے تحصیل آفس میں میٹنگ کی اور تفتیش میں تیزی لانے کی ہدایت دی۔
اسی دوران مراٹھا برادری کی جانب سے کل بیڑ ضلع میں بند پکارا گیا۔ بیڑ شہر سمیت ضلع بھر میں اس بند کا ملا جلا ردّعمل رہا۔

***** ***** *****

پربھنی میں گذشتہ پیش آئے ناخوشگوار واقعے کے خلاف کل جالنہ میں دھرنا احتجاج کیا گیا۔ آندولن کرنے والوں کی جانب سے سب ڈویژنل پولس افسر انت کلکرنی سے مطالبہ کیا گیا کہ متعلقہ شخص کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور پربھنی پولس انتظامیہ کی جانب سے کی جارہی کارروائیوں کو روکا جائے۔
بیڑ کے ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر لائرس سوشل فورم کی جانب سے پربھنی میں پیش آئے ناخوشگوار واقعے کے مرکزی سہولت کار کے خلاف غداری کا مقدمہ درج کرنے کی مانگ کی گئی اور یہ بھی مطالبہ کیا گیا کہ امبیڈکروادی کارکنان کے خلاف درج مقدمات واپس لیے جائیں۔
اس سلسلے میں بیڑ ضلع کے Resident Deputy Collector شیوکمار سوامی کو محضر پیش کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ڈسٹرکٹ جرنلسٹ یونین کی جانب سے پربھنی بند کے دوران اخبار کے دفتر کو پولس تحفظ فراہم کرنے کی مانگ کی گئی اور اس خصوص میں ضلع کلکٹر کو محضر پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

جالنہ کے مقامی کرائم برانچ کی ٹیم نے کل سمردّھی ہائی وے پر کارروائی کرتے ہوئے مجموعی طور پر ایک کروڑ دو لاکھ 11 ہزار روپئے مالیت کا گٹکا اور کنٹینر ضبط کیا ہے۔ اس معاملے میں کنٹینر ڈرائیور عرفان رحیم سیّد سمیت دیگر دو افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔

***** ***** *****

لاتور کی ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے ضلع کے شہریان سے فلیگ ڈے فنڈ میں حصہ لینے اور زیادہ سے زیادہ فنڈ جمع کرنے کی اپیل کی ہے۔ وہ اس سلسلے میں کل فلیگ ڈے فنڈ جمع کرنے کی تقریب سے خطاب کررہی تھیں۔ گھوگے نے کہا کہ لاتور ضلع انتظامیہ فوجیوں کیلئے مختلف سرگرمیوں کو نافذ کرنے میں پہل کرتی رہے گی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے زرعی سائنس مرکز میں کل ڈرون سے متعلق معلومات اور نمائشی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس سائنسی مرکز کے ماہرین دتّا پاٹل اور پروفیسر گیتا یادو نے کسانوں اور زراعت کے شعبے میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کو تفصیلی معلومات دی۔

***** ***** *****

سبکدوش کرنل ششی کانت دلوی نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ بارش کے پانی کے ریچارج پروجیکٹ کے ذریعے مستقبل میں پینے کے پانی کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ دلوی کل دھاراشیو ضلع کے کڑمب تعلقے کے قصبے وڑگاؤں جہانگیر میں اس پروجیکٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ تعلقے کے 31 دیہاتوں میں سرکاری عمارتوں، اسکولوں، کتب خانوں اور آڈیٹوریم کی چھتوں پر کم و بیش ایک ہزار 27 مقامات پر بارش کے پانی کے ریچارج سسٹمز نصب کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کے رہنماء خطوط کے مطابق آئندہ 16 تا 20 دسمبر کے دوران جذام سے پاک مہاراشٹر یعنی کُسم مہم ریاست کے تمام اضلاع میں چلائی جائیگی۔ لاتور میں آشا کارکنان اور مرد سوئم سیوکوں کے ذریعے براہِ راست سروے کیا جائے گا۔

***** ***** *****

بارڈر–گاوسکر کرکٹ ٹیسٹ سیریز کا تیسرا میچ ابھی کھیلا جا رہا ہے۔ آسٹریلیاء کے شہر برسبین میں جاری اس میچ میں بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا ہے۔ آخری خبر ملنے تک آسٹریلیاء بغیر کسی نقصان کے 28 رنوں پر تھا۔ 14 ویں اوور میں بارش کے سبب مقابلہ روکا گیا ہے۔ سیریز میں دونوں ٹیمیں ایک ایک میچ جیت کر برابری پر ہیں۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ دستور کو اپنانے کے امرت مہوتسو کے موقع پر لوک سبھا میں دستور پر خصوصی بحث؛ وزیرِ اعظم آج دیں گے جواب۔

☆ مستقبل میں ممبئی فِن ٹیک کی راجدھانی بنے گا: وزیرِ اعلیٰ کا ورلڈ ہندوا کانا مک کانفرنس میں اظہارِ خیال۔

☆ اسمارٹ انڈیا ہیکا تھان 2024 کے سافٹ ویئر راؤنڈ میں ریاستی ٹیموں کی شاندار کارکردگی۔

☆ گیارہویں امبہ جوگائی ساہتیہ سمّیلن کا آج سے آغاز۔

اور۔۔۔☆ بیڑ ضلع میں مسا جوگ سرپنچ قتل معاملے کی تفتیش سی آئی ڈی کے سپرد۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****